ساری کائنات نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کے صدقے بنائی گئی ہے

فتوی نمبر: WAT-93

تاریخ اجراء: 13صفرالمظفر1443ھ/21ستمبر2021ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ساری کائنات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے بنائی گئی ہے۔اس کی قرآن وحدیث سے دلیل بتادیں؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

بے شک نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم وجہ تخلیق کائنات ہیں ،اللہ تبارک وتعالی نے اپنے محبوب اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں ہی ساری کائنات،جنت ودوزخ،زمین وآسمان،اور دنیاوغیرہ کوپیدافرمایا ہے،اس مضمون پر متعدد احادیث دلالت کرتی ہیں،چند ایک ملاحظہ فرمائیں:

(الف)مستدرک حاکم میں ہے"عن ابن عباس رضي الله عنهما، قال: أوحى الله إلى عيسى عليه السلام يا عيسى آمن بمحمد وأمر من أدركه من أمتك أن يؤمنوا به فلولا محمد ما خلقت آدم ولولا محمد ما خلقت الجنة ولا النار"ترجمہ:حضرت ابن عباس رضی اللہ عنھما سے مروی ہے۔،فرماتے ہیں کہ :اللہ تبارک وتعالی نے حضرت عیسیٰ علی نبیناوعلیہ الصلوۃ والسلام کی طرف وحی فرمائی کہ:اے عیسیٰ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)پر ایمان لاؤاور تمہاری امت میں سے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کوپائے اسے حکم دوکہ وہ بھی ان پر ایمان لائے کہ اگر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)نہ ہوتے تو میں آدم کوپیدانہ کرتااور اگر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)نہ ہوتے تو میں جنت ودوزخ کونہ بناتا۔(مستدرک حاکم،ج2،ص671،دارالکتب العلمیۃ،بیروت)

اس کے علاوہ یہ حدیث ابو بکر بن خلال علیہ الرحمہ نے اپنی کتاب "السنۃ"میں بھی ذکر کی ہے اور ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمہ نے اس کی سند کو صحیح قرار دیا ہے۔

(ب)مختصر تاریخ دمشق میں حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے مروی طویل حدیث کا ایک حصہ یہ ہے کہ:اللہ تبارک وتعالی نے فرمایا:"لقد خلقت الدنيا وأهلها لأعرفهم كرامتك علي ومنزلتك عندي،

ولولاک یامحمد ما خلقت الدنیا" ترجمہ: بے شک میں نے دنیا اور اہل دنیا کو اس لیے پیدا کیا کہ تا کہ میرے نزدیک جو آپ کی عزت و منزلت ہے، اس کی انہیں پہچان کراؤں، اور اے محمد! (صلی اللہ تعالی علیہ و آلہ وسلم) اگر آپ نہ ہوتے تو میں دنیا کو پیدا نہ کرتا۔(مختصر تاریخ دمشق، ذکر عروجہ الی السماء، ج2، ص، 137، دمشق)

نوٹ: اس کے علاوہ بھی روایات ہیں، یہاں کچھ ذکر کی ہیں۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم